مکتوباتِ مودودیؒ بنام مولینا محمد چراغ مدظلہ

مرتب: جناب عبدالغنی عثمان، ایم۔ اے، بی۔ ایڈ۔
ناشر: انصاری پبلشرز۔ فیصل آباد۔
تقسیم کنندہ: مکتبۂ افکارِ اسلامی، کچہری بازار۔ فیصل آباد۔ سفید کاغذ پر مناسب طباعت اور سادہ مگر اچھا سرورق۔ صفحات: ۸۰ قیمت: -/۱۰ روپے

واجب الاحترام مولینا محمد چراغ صدر مدرس، مدرسہ عربیہ گوجرانوالہ، بزرگ علما میں سے ممتاز شخصیت ہیں۔ انہوں نے یہ روشن مثال قائم کی کہ حق کی آواز سنی تو "دیوبندیت" کے گروہی حصار کو توڑ کر اس کی طرف لپکے۔ وہ تحریک اسلامی کی پُرخلوص محبت اور اس کے متوسلین کے ساتھ شفقتِ خاص رکھتے ہیں۔ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ سے ان کا اوّل روز سے گہرا تعلق قائم ہوگیا۔ اس کے بعد انہیں جس بھی مسئلے میں مولینا سے اختلاف ہوا اس پر انہوں نے خط و کتابت کی اور بلا تکلف انہوں نے اپنا ہر اشکال پیش کر دیا۔ مولینا مودودیؒ مرحوم بھی الاستاذ مولینا محمد چراغ صاحب کے خطوط اور سوالات و اشکالات کو بڑی اہمیت دیتے تھے۔ اس پس منظر کے ساتھ اس مجموعۂ خطوط کی اہمیت ظاہر ہے جس میں ۳۶ غیر مطبوعہ و مطبوعہ خطوط شامل ہیں۔

دیباچہ مرتبِ مجموعہ عبدالغنی صاحب کا لکھا ہے اور مقدمہ حضرت مفتی سید سیاح الدین صاحب کاکاخیل کا ہے۔

سب سے بڑا انسان

مؤلف: سید نظر زیدی رفیق ادارۂ معارف اسلامی، لاہور۔
ناشر: اسلامک بک پبلشرز پوسٹ بکس نمبر ۲۰۰۲۱، الصفات، الکویت۔
اچھا کاغذ، اچھی طباعت، اچھا سرورق۔ صفحات: ۲۹۶، قیمت: -/۳۰ روپے
لاہور میں اسٹاکسٹ: المنار بک سنٹر، منصورہ، لاہور ۱۸

ہمارے دوست اور پرانے ہم قلم سید نظر زیدی اپنی دوسری صلاحیتوں کے ساتھ